فوری ریلیز کے لیے: 21/2/2023 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

**_گورنر HOCHUL نے NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے مڈ ہڈسن علاقے میں فاتحین کے طور پر سلیپی ہولو اور کارن وال کا اعلان کیا ہے_**

**_سلیپی ہولو گاؤں اور کارن وال قصبے میں سے ہر ایک کو $4.5 ملین وصول ہوں گے_**

**_نیویارک کی چھوٹی کمیونٹیز کے لیے ڈاؤن ٹاؤن کی مزید منصفانہ بحالی کی معاونت کرنے کے لیے $100 ملین کا نیا NY فاروڈ پروگرام، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے کامیاب اقدام کی رفتار میں اضافہ کرتا ہے_**

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ سلیپی ہولو گاؤں، اور کارن وال قصبے اور کارن وال آن ہڈسن گاؤں، ان میں سے ہر ایک کو NY فارورڈ کے پہلے راؤنڈ کے مڈ ہڈسن کے دو خطہ جاتی فاتحین کے طور پر $4.5 ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ریاست کے کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی پیش رفت کی رفتار کی بنیاد پر، $100 ملین لاگت کا NY فاروڈ پروگرام، نیویارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے ڈاؤن ٹاؤن کی مزید منصفانہ بحالی میں معاونت کے لیے DRI کی طرح "منصوبہ-بنائیں-پھر-عملدرآمد کریں" والی حکمت عملی اپنا رہا ہے۔ NY فارورڈ راؤنڈ ون کے دوران، ریاست کے دس اقتصادی ترقی والے خطوں میں سے ہر ایک میں چھوٹی کمیونٹیز کو دو سے تین ایوارڈز دیئے جائیں گے تاکہ ان کے ڈاؤن ٹاؤنز کے لیے ترقی اور بحالی کے منصوبے پرعمل درآمد میں معاونت کی جائے۔ FY 24 ایگزیکٹیو بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے NY فارورڈ کے اضافی راؤنڈ کے لیے $100 ملین کے فنڈز کی تجویز دی ہے۔

"اپنے NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے نیویارک کے شہریوں کے لیے ایک بہتر مستقبل بنانے میں ہم اپنی ریاست کے چھوٹے قصبوں اور شہروں کی مدد کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ایوارڈز سلیپی ہولو گاؤں اور کارن وال قصبے اور کارن وال-آن-ہڈسن گاؤں کی مدد کریں گے تاکہ ان کے ڈاؤن ٹاؤنز کو ترقی دی جائے، رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنایا جائے، اور نئی ملازمتیں پیدا کی جائیں اور کاروباروں کو متوجہ کیا جائے تاکہ اس خطے میں اقتصادی مواقع کو وسعت دی جا سکے۔"

[NY فارورڈ](#) ریاست کی معاشی ترقیاتی کوششوں کا ایک جزو ہے جو نیویارک کے ڈاؤن ٹاؤنز کے احیائے نو کو مزید تیز کرنے اور وسعت دینے کے لیے DRI کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ یہ پروگرام تاریخی کردار کے ساتھ چھوٹی کمیونٹیز کی خدمت کرتا ہے جو انہیں ایسے بڑے، زیادہ شہری مرکزی کاروباری ڈسٹرکٹس سے ممتاز بناتا ہے جن کو عام طور پر DRI کے ذریعے فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں۔ NY فارورڈ کمیونٹیز راہگیری قابلیت رسائی کے حامل، کم گنجان علاقے ہیں جو فوری طور پر مقامی کمیونٹی کی خدمت کرتے ہیں، اور فطری لحاظ سے زیادہ مقامی ہیں، فوری طور پر گردونواح کے رہائشی یا دیہی زرعی مرکوز ترقیاتی کاموں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

DRI کی طرح، ہر NY فارورڈ کمیونٹی ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرے گی تاکہ آسانی سے قابل عمل پروجیکٹس کی ایک سلیٹ کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو دوبارہ زندہ کیا جا سکے۔ ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسی چھوٹی کمیونٹیز کی بہتر مدد کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرے گا جن کے پاس NY فارورڈ پروگرام کے جزو کے طور پر استعداد کم ہو اور انہیں منصوبوں کے لئے کمیونٹی کے حجم کے مطابق فنڈنگ کی جائے گی۔ ان پروجیکٹس میں عمارات کی تزئین و آرائش اور تعمیرِ نو، نئے یا مزید بہتر عوامی مقامت کی تعمیرِ نو یا تخلیق، اور ایسے دیگر

پروجیکٹس شامل ہو سکتے ہیں جو مخصوص ثقافتی، تاریخی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہوں اور چھوٹے قصبوں کی کشش میں مزید اضافہ کرتے ہوں۔

**سلیپی ہولو**

سلیپی ہولو گاؤں اپنی ادبی شہرت کے لیے معروف ہے جو مرکزی طور پر کہانی، دی لیجنڈ آف سلیپی ہولو کے بارے میں ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن سلیپی ہولو گنجان، مخلوط استعمال کی تجارتی راہداریوں پر مشتمل ہے جن میں عمارتیں زیادہ تر 19ویں صدی کے نصف آخر میں تعمیر کی گئی ہیں اور اس میں ملٹی موڈل کی خاطر خواہ رسائی اور مضبوط سیاحت کی ایک صنعت پائی جاتی ہے۔ اپنی ہمسایہ کمیونٹی کے ساتھ اس گاؤں میں کسانوں کی ایک فعال مارکیٹ — یعنی ٹیری ٹاؤن اور سلیپی ہولو فارمرز مارکیٹ — مشترکہ ہے، جسے امریکہ کی کسانوں کی پسندیدہ مارکیٹ کے طور پر نامزد کرنے کے لیے حتمی فاتح کے طور پر ووٹ دیا گیا ہے اور اسے ریاست نیویارک میں کسانوں کی سب سے اعلیٰ پانچ مارکیٹوں میں سے ایک مارکیٹ کا درجہ دیا گیا ہے۔ سلیپی ہولو میں کھانے پینے کی مختلف انواع و اقسام کی دیگر منتخب چیزیں پائی جاتی ہیں، اور کھیت سے کھانے کی میز تک پہنچانے والے چھوٹے اور ماہرانہ فنکارانہ ریستورانوں نے حال ہی میں افتتاح کرنے کے لیے گاؤں کا انتخاب کیا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن سلیپی ہولو میں دو خوب استعمال ہونے والے عوامی پارکس - ریورنڈ اسکائیز پارک اور برن ہارٹ پارک - کا اضافہ کیا گیا ہے اور دریائے ہڈسن کے غیر معمولی نظارے اس کی خاص بات ہیں۔

سلیپی ہولو نے حال ہی میں بڑے اداروں اور کاروباروں سے از سرِ نو سرمایہ کاری کرنے کا تجربہ کیا ہے، جن میں علاقائی صحت کے مراکز اور ریجنیرون فارماسیوٹیکلز (Regeneron Pharmaceuticals) شامل ہیں، اس کے علاوہ تقریباً 3,000 نئے رہائشیوں کے لیے رہائشی یونٹس بنانے کے لیے خاطر خواہ نجی سرمایہ کاری بھی کی گئی ہے۔ ان سرمایہ کاریوں کے ذریعہ پیش کردہ موقعے سے کامیابی کے ساتھ فائدہ اٹھانے کے لیے، سلیپی ہولو کی جانب سے کوشش کی جاتی ہے کہ منفرد جگہیں بنانے کے اجزا کے ساتھ مزید پُرکشش اور محفوظ سڑکیں بنائی جائیں، خالی اور کم استعمال شدہ لاٹز کو دوبارہ تیار کیا جائے اور متعدد قیمتوں والے مقامات پر رہائش کا اضافہ کیا جائے – جس کے نتیجے میں یہ گاؤں ایک مرتبہ پھر پھل پھول سکے۔

**کارن وال اور کارن وال آن ہڈسن**

کارن وال کا قصبہ، کارن وال آن ہڈسن گاؤں کے اطراف میں واقع ہے اور اس پر مشتمل ہے، اور دونوں دریائے ہڈسن کے ساحل پر واقع ہیں، جو ہڈسن ہائی لینڈز کی پہاڑیوں اور اسٹارم کنگ ماؤنٹین کے درمیان واقع ہیں۔ کارن وال قصبہ اور کارن وال آن ہڈسن گاؤں میں ہر ایک میں الگ، پیدل سفر والے شہری علاقے موجود ہیں جو دو میل سے بھی کم مسافت پر واقع ہیں اور عوامی مقامات اور اداروں کے تنوع سے بھرپور ہیں، جیسے DeCicco فیملی مارکیٹ، جو کہ کارن وال میں تازہ خوراک کی واحد مارکیٹ ہے، اور ریور لائٹ پارک، جہاں پارک سیریز میں کارن وال فارمرز مارکیٹ اور ٹاؤن کے سمر میوزک کی میزبانی کی جاتی ہے۔ کارن وال کے اندر اور اس کے مضافاتی علاقے، کمیونٹی کے اور علاقے کے اہم اثاثے ہیں جو ہر سال سیکڑوں ہزاروں سیاحوں کو اپنی جانب کھینچ لاتے ہیں، جیسے اسٹارم کنگ اسٹیٹ پارک، اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر، ہڈسن ہائی لینڈز نیچر میوزیم، ویسٹ پوائنٹ میں ریاستہائے متحدہ کی ملٹری اکیڈمی، برادرہڈ وائنری، ووڈبری کامن اور مزید بہت سے مقامات پائے جاتے ہیں۔

قرب و جوار کے ان اثاثوں کی وجہ سے کارن وال نے حالیہ سالوں میں سیاحوں کی کثیر تعداد کو یہاں آتے ہوئے دیکھا ہے۔ احیائے نو کے لیے قصبے اور گاؤں میں منصوبہ بندی اور سرمایہ کاری کی جا رہی ہے جس کے نتیجے میں پُرکشش مقامات سے بھرپور اس علاقے میں، یہ ڈاؤن ٹاؤنز ایک منفرد منزل بن جائیں گے تاکہ اس کمیونٹی کے رہائشیوں کے معیار زندگی کو مسلسل بہتر بنایا جائے۔ اس پیشرفت کو آگے بڑھانے کے لیے، کارن وال قصبہ اور کارن وال آن ہڈسن گاؤں میں کوشش کی جا رہی ہے کہ اپنے دو شہروں کو جوڑا جائے، جگہیں بنانے میں اضافہ کیا جائے اور عوامی جگہوں میں بہتری لائی جائے اور پورے مضافاتی علاقے میں متروکہ عمارتوں اور جگہوں کو دوبارہ زندگی بخشی جائے۔

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "NY فارورڈ میں چھوٹے شہروں کو ترجیح دی گئی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے کہ نیویارک میں ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے عمل میں، سائز یا کردار سے قطع نظر، کوئی بھی کمیونٹی نظر انداز نہ ہو جائے۔ دیدہ زیب دریائے ہڈسن کے ساتھ اپنے حکمتِ عملی والے

مقامات اور منفرد عوامی مقامات اور پُرکشش مقامات کے متنوع مواقع کے ساتھ، سلیپی ہولو اور کارن وال، اقتصادی بحالی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، اور اپنے تصورات کو سمجھنے میں NY فارورڈ کی یہ فنڈنگ ان کمیونٹیز کی مدد کرے گی۔ میں یہ امر دیکھنے کا منتظر ہوں کہ سلیپی ہولو، کارن وال اور پورے مڈ ہڈسن خطے کا مستقبل کیسا ہو گا۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "DRI سے معاشی ترقی کا اشارہ پاتے ہوئے، NY فارورڈ کے مرکوز کردہ نقطۂ نظر کا مقصد یہ ہے کہ ریاست کے آس پاس کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے ڈاون ٹاؤنز کو زندگی بخشی جائے۔ پہلے راؤنڈ کے یہ ایوارڈز سلیپی ہولو گاؤں اور کارن وال قصبے کی عظمت میں اضافہ کریں گے تاکہ آرٹ، تاریخ اور قدرتی خوبصورتی کے ان مراکز کو مزید ترقی دی جا سکے، معیار زندگی کو بہتر بنایا جا سکے اور سیاحت کی معیشت کو فروغ حاصل ہو۔"

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ہم ان تبدیلیوں کو دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں کہ گورنر کے 100$ ملین والے NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے ذریعے یہ سرمایہ کاری آگے بڑھنے میں مدد کرے گی۔ سلیپی ہولو گاؤں، جو پہلے ہی Washington Irving کے افسانے اور اپنی لاجواب فارمرز مارکیٹ کے پس منظر کے طور پر اپنے کردار کے لیے شہرت یافتہ ہے، وہاں ایک مزید مربوط اور نئی توانائی سے بھرپور ڈاؤن ٹاؤن بنایا جا سکتا ہے جو آمدورفت کے لیے بہتر پیدل سفر کرنے اور خالی یا متروکہ املاک کو رہائش اور کاروبار میں تبدیل کرنے کے لیے نئے سرے سے ترقیاتی کام کی حوصلہ افزائی کرتا ہو۔ کارن وال اور کارن وال آن ہڈسن کے پاس ایسے منصوبے موجود ہیں کہ وہ اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کا رُخ موڑیں، عوامی جگہوں کو بہتر بنائیں اور خستہ حال مکانات کی آرائش یا ترقی نو کے لیے کام کریں۔ اب یہ منصوبے حقیقت کا روپ دھار سکتے ہیں۔"

**مڈ ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک صدور Dr. Marsha Gordon، بزنس کونسل برائے ویسٹ چیسٹر کی صدر اور CEO اور SUNY، Dr. Kristine Young اورنج کی صدر نے کہا،** "NY فارورڈ وصول کنندگان کے طور پر منتخب ہونے پر، کونسل کی جانب سے، سلیپی ہولو اور کارن وال کو مبارک ہو۔ اس پروگرام کے ذریعے دی جانے والی فنڈنگ سے ان کمیونٹیز کو بحالی کے منصوبوں کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی جس کے نتیجے میں نئی سرمایہ کاریوں اور نئی علاقائی اقتصادی ترقی کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔"

**ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا،** "ہڈسن وادی کے ڈاؤن ٹاؤن کو ایک عظیم مقام بنانے کے لیے کارن وال کے پاس تمام اسباب موجود ہیں: جیسے کہ پیدل سفر کے مواقع، دریا تک آسان رسائی اور بیرونِ خانہ تفریح، ایک صحت مند کاروباری کمیونٹی، شاندار اسکول، اور ثقافتی قیمتی اثاثوں سے قریب محلِ وقوع۔ کارن وال کے ایک رہائشی کے طور پر، میں جانتا ہوں کہ یہ شہر اور گاؤں اپنی پوری صلاحیت کا ادراک کرنے کے مرحلے کے بالکل قریب ہیں۔ NY فارورڈ فنڈنگ یہی وہ چیز ہے جو ہماری کمیونٹی کو درکار ہے تاکہ وہ ایک کامیاب اور پائیدار مستقبل کے لیے آگے بڑھنے کی راہ پر گامزن ہو سکے۔"

**رکن اسمبلی Maryjane Shimsky نے کہا،** "سلیپی ہولو ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جہاں ایک بڑی تبدیلی کا عمل جاری و ساری ہے۔ ساحلی کنارے پر تقریباً 3,000 رہائشی یونٹس کے اضافے کے ساتھ، گاؤں کے ڈاؤن ٹاؤن کی عمر رسیدہ راہداری کو زندگی بخشنا ہی کمیونٹی کی کامیابی کی کلید ہے۔ NY فارورڈ ایوارڈ کے ذریعے سلیپی ہولو کے لوگوں کے لیے ممکن ہو گا کہ ایک فروغ پذیر کاروباری ضلع بنائیں جہاں گاؤں کی تاریخی روایت منائی جاتی ہو۔ سلیپی ہولو میں سرمایہ کاری کی اہمیت کو تسلیم کرنے پر، میں گورنر Hochul اور NY فارورڈ پروگرام کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

**رکن اسمبلی Chris Eachus نے کہا،** "کارن وال قصبے اور کارن وال آن ہڈسن گاؤں کے قریب ہی بہت سے مقامی پُرکشش مقامات واقع ہیں، جن میں اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر، ووڈبری کامنز، اور برادرہڈ وائنری شامل ہیں۔ اس کے نتیجے میں یہ بڑھتی ہوئی سیاحت والا علاقہ بن گیا ہے، اور پھلتے پھولتے ہوئے ڈاؤن ٹاؤن کی ایک مثال بن چکا ہے۔ اس وقت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مجوزہ 4.5$ ملین خرچ کرنے کا یہ بہترین وقت ہے۔ گورنر

صاحبہ کی اس عظیم صلاحیت کے اعتراف اور وادی ہڈسن کی حمایت میں ان کے جرات مندانہ اقدام کو سراہا جانا چاہیئے۔"

**Sleepy Hollow کے میئر Kenneth Wray نے کہا،** "NY فارورڈ پروگرام کے حصے کے طور پر 4.5$ ملین کی گرانٹ حاصل کرنے پر ہم خوش ہیں۔ ہم گورنر کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے سلیپی ہولو کی اقتصادی ترقی کو بڑھانے کے ساتھ یہاں سستی رہائش کی گنجائش میں بھی بہتری لانے کے لیے اہم کامیابیوں کو تسلیم کیا ہے۔ یہ گرانٹ ہمارے لیے ممکن بناتی ہے کہ ہم اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو دور دراز کے سیاحوں کے لیے دلچسپی کا ایک علاقائی مرکز بنا سکیں اور اس طرح ہمارے بہت سے چھوٹے کاروباروں کے لیے ایک بنیاد قائم ہو جائے جو ہمارے تمام رہائشیوں کے لیے نزدیک اور ان کو عزیز ہیں۔"

**کارن وال ٹاؤن کے سپروائزر Josh Wojehowski نے کہا،** "کارن وال کئی سالوں سے اپنی مرکزی شاہراہ اور ڈاؤن ٹاؤن کے علاقوں کو پُررونق بنانے کے لیے کام کر رہا ہے تاکہ ان سیاحوں سے منفعت حاصل کی جا سکے جو ہماری پگڈنڈیوں پر پیدل سفر کر رہے ہیں، ہمارے دریاؤں میں کشتیاں چلا رہے ہیں اور عالمی شہرت یافتہ اداروں کا دورہ کر رہے ہیں۔ NY فارورڈ گرانٹ، ہماری کمیونٹی کے لیے ممکن بنائے گی کہ پیدل چلنے والوں کے لیے دوستانہ پروجیکٹس، عوامی آرٹ کے استعمال، اضافی کھلی جگہ بنانے اور دیگر سہولیات کے ذریعے دو ڈاؤن ٹاؤنز کو باہم مربوط کرتے ہوئے ان کوششوں کو اگلی سطح تک لے جایا جائے۔"

**کارن وال آن ہڈسن کے میئر James Gagliano نے کہا،** "اپنے قریبی ہمسائے، کارن وال قصبے کے ساتھ شراکت داری کرنے پر، کارن وال آن ہڈسن گاؤں، نیویارک ممنونیت اور جوش و جذبے کے احساسات رکھتا ہے، اور گورنر کے دفتر سے یہ خبر موصول کی گئی ہے کہ ہماری کمیونٹی کو ایک نیویارک فارورڈ گرانٹ حاصل کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ پیدل سفر کرنے کی صلاحیت، رابطہ کاری، اور ہمارے ڈاؤن ٹاؤن کے منسلکہ کاروباری اضلاع کی کشش میں اضافہ کرنے کے لیے ہمارے تفصیلی، تعمیری، اور حقیقت پسندانہ منصوبے کو اس گرانٹ سے بھرپور فائدہ پہنچے گا۔ ریاست بھر میں ڈاؤن ٹاون کے احیائے نو کے اقدام کے لیے حوصلہ افزائی اور معاونت کے ذریعے گورنر Hochul کی قیادت اور عزم سے ہم منافع بخش ادائیگی حاصل کر رہے ہیں۔ یہ بات ہماری کمیونٹی کے لیے ایک حقیقی تبدیلی کا پیش خیمہ ہو گی۔"

مڈ ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے میں کمیونٹیز کی طرف سے پیش کردہ تجاویز کا ایک مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا تھا اور ان کمیونٹیز کو بطور نامزد پیش کرنے کی سفارش کرنے سے پہلے درج ذیل معیارات پر غور کیا تھا:

- ڈاؤن ٹاؤن ایک مختصر سا مقام ہے اور اس کی سرحدیں خوب اچھی طرح متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن کے اندر یا اس کے قریب ملازمت میں حالیہ یا بڑھتی ہوئی تعداد کارکنوں کو راغب کر سکتی ہے، ازسرِنو ترقیاتی کاموں میں معاونت دے سکتی ہے اور ترقی کو پائیدار بنا سکتی ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع برادریوں کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- میونسپلٹی ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت کو قبول کرتی ہے یا ایسی صلاحیت رکھتی ہے، جو رہائش اور معیار زندگی میں اضافہ کریں؛
- میونسپلٹی نے ڈاون ٹاون کے احیائے نو کے لیے پروجیکٹس اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار کرنے کے لیے کھلی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جو ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ میں شامل کیے جا سکتے ہیں؛
- میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جو NY Forward کے فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے قریب المیعاد پروجیکٹس کے نفاذ کے لیے پہلے سے تیار ہیں؛ اور
- میونسپلٹی کے پاس پروجیکٹس کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کا نظم کرنے کی مقامی صلاحیت موجود ہے، اس میں میونسپلٹی کے تفویض کردہ پروجیکٹس کے معاہدوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔

سلیپی ہولو اور کارن وال میں اب اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو زندگی بخشنے کے لیے اسٹریٹجک سرمایہ کاری کے منصوبے تیار کرنے کا عمل شروع کیا جائے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ مقامی اثاثوں اور مواقع کی جانچ کرے گا تاکہ ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی کی جا سکے جو ہر کمیونٹی کے نظریے کے مطابق ہوں اور جو عمل درآمد کے لیے تیار ہوں۔ اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کے منصوبے کی جانب سے منتخب کردہ پروجیکٹس کے لیے فنڈنگ عطا کی جائے گی جس کے پاس احیائے نو کے فوری آغاز اور طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع تخلیق کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418